قواعد و انشا (Grammar and Composition)

BSU-203 Semester 3 Credit Hours 03

تعارف (Introduction)

ہر زبان اپنے مخصوص قواعد کے بل پر دوسری زبانوں سے امتیاز رکھتی ہے۔ اردو زبان بھی اس صفت سے متصف ہے۔ اردو زبان کے طالب علم کو بنیادی قواعد سے روشناس ہونا ضروری ہے۔ اردو قواعد کی بنیادی شاخوں صرف اور نحو کے ذیلی موضوعات سے آگاہ ہوئے بغیر وہ زبان کے درست استعمال کی جانب نہیں بڑھ سکتا۔ اسی باعث انشا نگاری بھی اسی موضوع سے منسلک ہے۔ تحریر و انشا کے لوازم سے آگاہی طالب علم میں نہ صرف ادبی فن پاروں کی تعیینِ قدر کا احساس پیدا کرتی ہے بلکہ اسے خود لکھنے کی مشق سے بھی گزارتی ہے۔ اسی باعث یہ نصاب طالب علموں کو ایک جانب اردو زبان کے بنیادی قواعد سے آگاہی دے گا اور دوسری جانب انھیں ان اصولوں کے عملی اظہار سے گزرنے کا بھی موقع فراہم کرے گا۔

مقاصد (Objectives)

1۔ طلبا میں اردو زبان کے قواعد و ضوابط کا شعور پیدا کرنا۔

2۔ طلبا کی تخلیقی صلاحیتوں کی تربیت و پرداخت کرنا۔

3۔ اپنے محسوسات و مشاہدات و افکار کو منضبط اور منطقی انداز میں بامحاورہ زبان میں لکھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

تدریسی نتائج (Learning Outcomes)

اس کورس کو پڑھنے کے بعد طالب علم سیکھ سکیں گے:

1۔ اردو زبان اپنے کون سے بنیادی قواعد و ضوابط کے سبب دوسری زبانوں سے الگ مقام رکھتی ہے۔

2۔ اردو انشا نگاری کن صفات سے متصف ہے۔

3۔ ذاتی خیالات و مشاہدات کو کیسے ایک اچھی تحریر میں تبدیل کرنا ہے۔

Outline

حصہ قواعد

اردو حروفِ تہجی کی تعداد و ترتیب۔ ترتیب ابجدی۔ اردو حروفِ تہجی کی مختلف ترسیمی شکلیں۔

اردو صرف: صرف کا معنی و مفہوم۔ لفظ، کلمہ، کلمے کی اقسام اسم، فعل، حرف۔ اسم کی اقسام: اسمِ معرفہ اور اس کی اقسام، اسمِ نکرہ اور اس کی اقسام، اسمِ فاعل و مفعول، اسمِ ظرف، اسمِ ضمیر اور اس کی مختلف حالتیں۔ سابقے، لاحقے، تذکیر و تانیث، واحد جمع۔ فعل کی اقسام، امر، نہی، امدادی افعال۔ حرف کی مختلف صورتیں، مفرد و مرکب، عطف، اضافی، شرط، تاکید، فجائیہ۔

اردو نحو: نحو کا معنی و مفہوم۔ نحو ترکیبی و نحو تفصیلی۔ مرکب تام، مرکب ناقص اور اس کی اقسام، مسند، مسند الیہ، مبتدا، خبر۔ جملہ، جملے کی اقسام، اسمیہ، خبریہ، فعلیہ، مفرو جملے، مرکب جملے۔

ترکیب تصریفی و نحوی کی عملی مشقیں

حصہ انشا

مضمون نویسی: مضمون نویسی کا دائرہ کار، اصول و ضوابط۔ سر سید احمد خان کی مضمون نگاری۔ مضمون نگاری کی عملی مشق

تبصرہ و تجزیہ: ادبی فن پاروں پر تبصرے اور تجزیے کے بنیادی قواعد۔

منظومات وافسانوں پر تبصرے اور تجزیے کی عملی مشق (منظومات؛ اختر الایمان: مسجد، ابنِ انشا: یہ بچہ؛ افسانے؛ ذکیہ مشہدی، پارسا بی بی کا بگھار، صدیق عالم: لیمپ جلانے والے)

درخواست نویسی: درخواست نویسی کے اصول۔ عملی مشقیں

تلخیص نگاری: تلخیص نگاری کے اصول۔ عملی مشقیں

Teaching-learning Strategies: **Lecturing, Explicit Instruction, Effective Questioning Techniques**

- Assessment and Examinations:

Sr. No.	Elements	Weightage	Details
10.	Midterm Assessment	35%	It takes place at the mid-point of the semester.
11.	Formative Assessment	25%	It is continuous assessment. It includes: classroom participation, attendance, assignments and presentations, homework, attitude and behavior, hands-on-activities, short tests, quizzes etc.
12.	Final Assessment	40%	It takes place at the end of the semester. It is mostly in the form of a test, but owing to the nature of the course the teacher may assess their students based on term paper, research proposal development, field work and report writing etc.

مجوزہ کتب:

ابو اللیث صدیقی، ڈاکٹر، جامع القواعد، لاہور: مرکزی اردو بورڈ، ۱۹۷۱ء۔

رشید حسن خان۔ عبارت کیسے لکھیں۔ نئی دہلی: مکتبہ پیام تعلیم، ۲۰۰۰ء

ظفر الملک علوی۔ بہترین انشا پرداز۔ لکھنؤ: الناظر پریس، س ن

عشرت لکھنوی۔ مضمون نویسی۔ لکھنؤ: مطبع نامی پریس، ۱۹۲۷ء

وقار عظیم۔ انشا کی تعلیم۔ دلی: مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، ۱۹۴۳ء

تنظیم الفردوس، مرتب۔ مضامینِ سر سید احمد خان (انتخاب)۔ کراچی: آکسفورڈ یونیورسٹی پریس، ۲۰۱۸ء

سہیل عباس بلوچ۔ بنیادی اردو قواعد۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۲۰۱۰ء

عبد الحق، مولوی، مرتب۔ قواعد اردو۔ نئی دہلی: انجمن ترقی اردو ہند، ۲۰۰۷ء

عصمت جاوید۔ نئی اردو قواعد۔ نئی دہلی: ترقی اردو بیورو، ۱۹۸۱ء

محمد انصار اللہ، ڈاکٹر۔ اُردو صرف و نحو۔ لاہور: مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، ۲۰۱۸ء

مقتدرہ قومی زبان۔ معیاری اردو قاعدہ۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۲۰۱۰

اختر الایمان۔ کلیاتِ اختر الایمان۔ کراچی: آج کی کتابیں، ۲۰۰۰

ابن انشا اس بستی کے ا۔ ک کوچے میں۔ لاہور: لاہور اکیڈمی، ۱۹۸۹

صدیق عالم۔ نادر سکوں کا بکس۔ کراچی: آج کی کتابیں، ۲۰۱۶

ذکیہ مشہدی۔ پارسا بی بی کا بگھار۔ کراچی: سٹی پریس بک شاپ، ۲۰۱۶